© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: ن، ر

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**درسی بہشتی زیور (مردوں کے لئے)**: **تالیف**: حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ۔ **ناشر**: مکتبہ بیت العلم کراچی۔ **صفحات**: 659، **سائز**: 20×30/8، **قیمت**: 550 روپے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ''بہشتی زیور'' کسی تعارف کی محتاج نہیں، اردو دان طبقہ کے لئے اس کی اہمیت وافادیت بلا مبالغہ ہدایہ وفتاوی شامی سے کسی طرح بھی کم نہیں ہے، اور کیوں نہ ہو کہ اس میں مہد سے لے کر لحد تک کے تمام ضروری واہم مسائل ایسے مفصل اور جامع انداز میں سمو دیئے گئے ہیں کہ اردو میں اس طرح کا فقہی مجموعہ جو جامع بھی ہو اور مستند ومرتب بھی، موجود نہیں ہے۔ بل کہ بلا مبالغہ اس سے اہل علم ومفتیان حضرات بھی مستغنی نہیں ہوسکتے۔ اس کی مقبولیت وضرورت کا یہ عالم ہے کہ یہ کتاب اب تک لاکھوں کی تعداد میں شائع ہوئی ہے۔ جو ہر مسلمان گھرانے کی زینت اور برصغیر پاک وہند کے تقریباً تمام مدارس بنین وبنات میں شامل نصاب ہے۔

اصل میں تو یہ کتاب خواتین کی تعلیم وتربیت کے لئے لکھی گئی تھی، مگر فقہی مسائل کی جامعیت کی وجہ سے یہ مردوں کے لئے بھی یکساں مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ مدرسہ بیت العلم کے اساتذہ کو جزائے خیر عطا فرمائیں جنہوں نے خواتین سے متعلق مخصوص مسائل کو حذف کر کے اور مؤنث کے صیغوں کو مذکر سے بدل کر اس کتاب کو خالصتاً مرد حضرات کے لئے مرتب کیا، نیز کتاب کی سو سالہ قدیم زبان کو عصر حاضر کی اردو کے قالب میں ڈھال کر اسے آسان تر کردیا۔ کتاب کو ''اصل'' کی ترتیب پر حصہ دار رکھنے کے بجائے فقہی ابواب کی ترتیب پر رکھا گیا ہے۔ بہشتی زیور اور بہشتی گوہر دونوں کے مسائل یکجا کردیئے گئے ہیں۔ مشکل الفاظ کی وضاحت اور پیچیدہ مسائل کی تشریح حاشیہ میں کردی گئی ہے۔ ہر باب میں مسائل کی وضاحت کے لئے عنوانات لگائے گئے ہیں اور باب کے اختتام پر تمرین دی گئی ہے۔ یوں اب اس کتاب سے استفادہ سہل سے سہل تر ہوگیا۔ امید ہے اردو دان طبقہ اس کی کما حقہ قدر دانی کرے گا۔



© rasailojaraid.com